تفہیم:

# میرا گھر



میرا نام عُمر ہے ۔میں دوسری جماعت میں پڑھتا ہوں ۔ یہ میرا گھر ہے۔ میرے گھر میں دو کمرے ،ایک باورچی خانہ اور ایک غسل خانہ ہے ۔ میرے گھر کے باہر ایک چھوٹا سا باغ بھی ہے۔اس باغ میں رنگ برنگے پھول ہیں۔ سارا میری بہن ہے، ہم دونوں بہن بھائی گھر کے کاموں میں امّی ابّو کی مدد کرتے ہیں اور باغ کے پودوں کو پانی بھی دیتے ہیں ۔ امّی اور ابّو ہم سب بچّوں سے بہت پیار کرتے ہیں ۔ گھر میں سب مِل جُل کر رہتے ہیں۔

☆ سوال/ جواب:

س۱۔ عمر کس جماعت میں پڑھتا ہے ؟

الف) عمر دوسری جماعت میں پڑھتا ہے ۔

ب) عمر پہلی جماعت میں پڑھتا ہے ۔



س۲۔ عمر کی بہن کا کیا نام ہے ؟

الف) عمر کی بہن کا نام بانو ہے۔

ب) عمر کی بہن کا نام سارا ہے۔

## ☆ درست جملے کا انتخاب کریں:۔

ا۔کمرے

عُمر کے گھر میں دو کمرے ہیں ۔

دو ہیں کمرے گھر میں عُمر کے ۔

۲۔ پھُول:

پھُول بہت خُوبصورت ہیں۔

ہیں خُوبصورت پھُول بہت۔

## ☆ دی گئی خالی جگہ میں صحیح جواب لکھیئے:

گھر　　مِل جُل　　کمرے



ا۔گھر میں سب ____________ کر رہتے ہیں۔

۲۔میرے گھر میں دو ____________ ہیں۔

۳۔ یہ ____________ عمر کا ہے۔

## ☆ ختمہ اور سوالیہ کے جملوں میں درست نشان پر کلک کریں:

ا) امّی نے روٹی پکائی　　۔　　؟

۲) سارا گھر کب آئے گی　　۔　　؟

۳) یہ اردو کی کتاب ہے ۔ ؟

۴) ٹوپی کس رنگ کی ہے ۔ ؟

۵) نماز پڑھنا اچھّی عادت ہے ۔ ؟

٦) اسکول کیوں بند ہے ۔ ؟

